# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025
# END-OF-YEAR ASSESSMENT

**SUBJECT: URDU**

**GRADE-8**

**FINAL TERM**

**[ Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

**Student Name :** ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: فعل مجہول کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) امی نے چائے بنائی۔ (b) میں نے چائے پی۔ (c) تم چائے پیتے ہو۔ (d) چائے بن گئی ہے۔

سوال نمبر 2: "دوا" کی درست جمع الجمع کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) ڈاکٹر نے مریض کو دوا دی۔ (b) ڈاکٹر نے مریض کو ادویہ دی۔ (c) ڈاکٹر نے مریض کو دوائیں دی۔ (d) ڈاکٹر نے مریض کو ادویات دیں۔

سوال نمبر 3: "راشد کو بغیر کسی محنت کے اچھی نوکری مل گئی۔" بس یوں سمجھو:

(a) آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا (b) آم کے آم گٹھلیوں کے دام (c) بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا (d) ہم بھی ہیں پانچوں سواروں میں

سوال نمبر 4: وہ صفت جو کسی موصوف میں مستقل طور پر پائی جائے کہلاتی ہے:

(a) صفت نسبتی (b) صفت عددی (c) صفت مقداری (d) صفت ذاتی

سوال نمبر 5: چھک چھک ہے:

(a) اسم آلہ (b) اسم ظرف مکاں (c) اسم صوت (d) اسم ظرف زماں

سوال نمبر 6: اسم جمع والے جملہ کی پہچان کریں:

(a) پاکستانی قوم غیرت مند ہے۔ (b) ہم سب بھائی بھائی ہیں۔ (c) ہم سب محنتی ہیں۔ (d) پاکستان ایشیا میں واقع ہے۔

سوال نمبر 7: فعل اور فاعل کے استعمال والا درست جملہ ہے:

(a) یہ عمارت خوب صورت ہے۔ (b) ابو صبح سے اخبار پڑھ رہے ہیں۔ (c) صبح سے بوندا باندی ہو رہی ہے۔ (d) قائدِ اعظمؒ پاکستان کے بانی تھے۔

سوال نمبر 8: حاصل مصدر کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) دروازے پر آہٹ ہوئی۔ (b) بادل گرجتے ہیں۔ (c) بلند پہاڑ پر چڑھنا مشکل ہے۔ (d) پھولوں سے منبر سجانا ہے۔

سوال نمبر 9: مترادف الفاظ کی فہرست ہے:

(a) رنج، الم (b) صبح، شام (c) اندھیرا، اجالا (d) روز، شب

سوال نمبر 10: تانیث کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) علی صبح سویرے سکول جاتا ہے۔ (b) استانی بچوں کو اچھی باتیں سکھاتی ہے۔ (c) پرندہ درخت کی شاخ پر بیٹھا چہچہا رہا ہے۔ (d) استاد نے شاگرد کو پڑھایا۔

سوال نمبر 11: انگریزی الفاظ جیسے "فوٹو، سکول، گیٹ" جو اردو میں استعمال کیے جاتے ہیں، قواعد کی رو سے ہیں:

(a) مذکر (b) مونث (c) بھاری (d) ہلکے

سوال نمبر 12: فعل ماضی قریب کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) خالد نے مضمون لکھا ہے۔ (b) بچہ رو رہا تھا۔ (c) کسان نے فصل کاٹی تھی۔ (d) نعت سنائی گئی ہو گی۔

سوال نمبر 13: "بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق" مصرع میں تلمیح ہے:

(a) بے خطر (b) کود پڑا (c) آتش نمرود (d) عشق

سوال نمبر 14: گروہی الفاظ والی فہرست ہے:

(a) باغ، باورچی خانہ، بستہ، کتاب (b) باغ، پودے، پرندے، تتلیاں (c) باغ، سڑک، بستہ، قلم (d) باغ، طالب علم، محلہ، رکشہ

سوال نمبر 15: اسم صفت "سنجیدہ" سے بننے والا اسم ہے:

(a) سنجیدی (b) سنجیدگی (c) سنجیدکی (d) سنجیدائی

سوال نمبر 16: درست محاورہ کا انتخاب کریں:

(a) آسمان پر چڑھنا (b) آسمان سر پر اٹھانا (c) آسمان کو دیکھنا (d) آسمان پر تارے گننا

سوال نمبر 17: لاحقہ "خانہ" سے بننے والی درست فہرست کی نشان دہی کریں:

(a) زمین خانہ، علم خانہ، خیمہ خانہ (b) گھر خانہ، حکیم خانہ، دکان خانہ (c) خانہ بدوش، خانہ نمکین، خانہ دوز (d) اہل خانہ، باورچی خانہ، دواخانہ

سوال نمبر 18: شاباش! تم جماعت میں اول آئے ہو۔ اس جملے میں "شاباش" قواعد کی رو سے ہے:

(a) حرف تمنائیہ (b) حرف ندائیہ (c) حرف استعجابیہ (d) حرف تحسین

سوال نمبر 19: "دِل" ایک جسمانی عضو ہے جب کہ "دَل" سے مراد ہے:

(a) دلدل (b) کیچڑ (c) فوج (d) ریت

سوال نمبر 20: درست اعراب والے لفظ کا انتخاب کریں۔

(a) بِدَوِی (بِ۔دَ۔وِ۔ی) (b) سَرور (سَ۔ر۔وِ۔ر) (c) شُجَاعَت (شُ۔جَ۔ا۔عَ۔ت) (d) مُحاصَرے (مُ۔حا۔صَ۔رے)

سوال نمبر 21: چاندنی رات میں سب سے زیادہ دل کش اور حسین منظر کون سا ہوتا ہے، جو دیکھنے والے کے دل کو لبھاتا اور فطرت کی خوب صورتی کو نمایاں کرتا ہے؟

(a) گرد و غبار سے بھرا آسمان (b) چاند کی روشنی میں دمکتے پانی کے قطرے (c) دھند کی وجہ سے دھندلا منظر (d) دھوپ کی شدت اور چمک

سوال نمبر 22: "ہر طرف خوب صورت پھول کھلے ہیں۔ پرندے درختوں پر چہچہا رہے ہیں۔ ٹھنڈی ہوائیں چل رہی ہیں۔" جملے میں بیان کیا گیا منظر ہے:

(a) پہاڑوں کا (b) دریا کا (c) باغ کا (d) صحرا کا

سوال نمبر23: لفظ "خوشی" کے تھیسارس کی فہرست ہے:

(a) مسرت، شادمانی، فرحت، سرور۔ (b) افسوس، ملال، اداسی، رنج۔
(c) کوشش، جستجو، جدوجہد، مشقت۔ (d) رفاقت، تعلق، بھائی چارہ، دوستی۔

سوال نمبر24: "ایسی کون سی چیز ہے جو جتنی زیادہ ہو، اتنی ہی کم نظر آتی ہے؟" پہیلی کی درست بوجھ ہے:

(a) اندھیرا (b) روشنی (c) دولت (d) عقل

سوال نمبر25: ایک اچھا شہری اپنے فرائض کو سمجھتا ہے۔ درج ذیل میں سے کون سا عمل ایک غیر ذمہ دار شہری کی نشان دہی کرتا ہے:

(a) قوانین کی پابندی کرنا (b) دوسروں کی مدد کرنا (c) گندگی پھیلانا (d) شجرکاری کرنا

سوال نمبر26: "کسی حادثہ کی صورت میں تفصیلی طبی معائنہ سے قبل دی جانے والی ابتدائی مرہم پٹی میں بہتے خون کو روکنا، زخمی کی مدد کرنا اور معالجہ میں مدد فراہم کرنا" اس عبارت کا بنیادی خیال ہے:

(a) ناگہانی حادثہ (b) ابتدائی طبی امداد (c) علاج معالجہ (d) مرض کی تشخیص

سوال نمبر27: اگر آپ کا قریبی دوست کسی گھریلو پریشانی کی وجہ سے پریشان ہو اور آپ سے مدد مانگے، تو آپ کا رویہ کیا ہو گا؟

(a) اس کی پوری بات سن کر اسے اخلاقی اور جذباتی سہارا فراہم کریں گے۔ (b) اس کی پریشانی کو معمولی سمجھ کر مذاق میں اڑا دیں گے۔
(c) اس سے کنارہ کشی اختیار کر لیں گے تاکہ آپ پر کوئی بوجھ نہ آئے۔ (d) اسے مشورہ دیں گے کہ وہ اپنی پریشانی کسی اور کو بتائے۔

پیراگراف ہدایات*

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور درج ذیل سوالات کے درست جوابات کی نشاندہی کریں۔

محکمہ شہری دفاع جنگ اور امن کے دنوں میں قوم کی قوت اور قابلیت کو بہتر بنانے کے لیے کام کرتا ہے۔ پاکستان میں اس ادارے کا قیام 1951 میں عمل میں آیا اور پھر پاکستان کے تمام صوبوں میں متعدد قومی اور بین الاقوامی سطح کے تربیتی ادارے قائم کیے گئے۔ ان اداروں میں کروائے جانے والے کورسز کا مقصد عوام میں شہری دفاع کے شعور کو اجاگر کرنا اور ایسے رضاکار تیار کرنا ہے جو کسی قدرتی آفت مثلاً زلزلہ، سیلاب، طوفان یا خشک سالی وغیرہ کے دوران میں اور انسانوں کی پیدا کردہ آفات یعنی خودکش حملوں، بم دھماکوں، آتش زدگیوں، دہشت گردی یا صنعتی و گھریلو حادثات وغیرہ کی صورت میں اپنی مدد آپ کرنے کے قابل ہو سکیں۔

سوال نمبر28: جنگ اور امن کے دنوں میں قوم کی قوت اور قابلیت کو بہتر بنانے کے لیے کام کرتا ہے:

(a) محکمہ بہبود آبادی (b) محکمہ موسمیات (c) محکمہ معدنی وسائل (d) محکمہ شہری دفاع

سوال نمبر29: پاکستان میں محکمہ شہری دفاع کا قیام عمل میں آیا:

(a) 1949 میں (b) 1950 میں (c) 1951 میں (d) 1953 میں

سوال نمبر30: متعدد قومی اور بین الاقوامی سطح کے تربیتی ادارے قائم کیے گئے:

(a) پاکستان کے تمام شہروں میں (b) پاکستان کے تمام صوبوں میں (c) پاکستان کے تمام ضلعوں میں (d) پاکستان کے تمام دیہاتوں میں

سوال نمبر31: جنگ کا متضاد ہے:

(a) امن (b) برداشت (c) قوت (d) لڑائی

سوال نمبر32: "دفاع" کا معنی ہے:

(a) صداقت (b) حفاظت (c) شجاعت (d) امانت

---

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33: درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (کل نمبر 10)

ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا — دردمندوں سے، ضعیفوں سے محبت کرنا
میرے اللہ! برائی سے بچانا مجھ کو — نیک جو راہ ہو، اس رہ پہ چلانا مجھ کو

سوال نمبر34: "دیہاتی اور شہری زندگی کا فرق" کے موضوع پر مضمون تحریر کریں۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر35: دو دوستوں کے درمیان "مہنگائی" کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر36: سکول میں منعقد ہونے والی تقریب تقسیم انعامات کی روداد اپنے الفاظ میں لکھیں۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر37: درج ذیل نظم پارہ کو غور سے سنیں اور پوچھے جانے والے سوالات کے زبانی جوابات دیں۔ (نظم پارہ اور سوالات روبرکس میں موجود ہے۔) (6 نمبر)

سوال نمبر38: درج ذیل نثر پارہ کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیں۔ (نوٹ: نثر پارہ روبرکس میں موجود ہے۔) (کل نمبر 6)